# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 20

### متن

ارسلان ریس کے لیے بالکل تیار ہے۔ سارے لڑکے ترتیب سے لائن پر کھڑے ہیں۔ ارسلان کے اسکول میں کھیلوں کے سالانہ مقابلے ہورہے ہیں اور دسویں جماعت کے لڑکوں کے لیے سب سے لمبی ریس رکھی گئی ہے۔ ارسلان نے اپنے ساتھی کھلاڑیوں کی طرف دیکھا۔ وہ سب بہت پر اعتماد نظر آرہے ہیں۔ ارسلان کو گھبراہٹ سی ہے۔ اس کے ہاتھ پہلے ہی پسینے سے بھیگ چکے ہیں۔ اس نے دل ہی دل میں اپنی امی کی بتائی ہوئی دعا دہرائی تاکہ اس کی پریشانی اور گھبراہٹ کم ہو۔ سیٹی بجتی ہے اور دوڑ شروع ہوجاتی ہے۔ شروع میں وہ تیس سیکنڈ تک آہستہ دوڑتا ہے۔ پھر وہ اپنی رفتار تیز کر دیتا ہے۔ اس کے ساتھی کھلاڑی شروع میں تیز آرہے تھے لیکن اب ست پڑ چکے ہیں۔ شاید وہ تھک چکے ہیں۔ ارسلان سب سے پہلے اختتامی لکیر تک پہنچ جاتا ہے۔ اپنے نام کا اعلان سنتے ہی ارسلان سجدہ شکر ادا کرتا ہے۔

### سوالات

**سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)**

ارسلان ریس کے لیے بالکل تیار ہے۔ سارے لڑکے ـــــــ سے لائن پر کھڑے ہیں۔ ارسلان کے اسکول میں کھیلوں کے سالانہ مقابلے ہورہے ہیں اور ـــــــ جماعت کے لڑکوں کے لیے سب سے لمبی ریس رکھی گئی ہے۔ ارسلان نے اپنے ساتھی کھلاڑیوں کی طرف ـــــــ۔ وہ سب بہت پر اعتماد نظر آرہے ہیں۔ ارسلان کو ـــــــ سی ہے۔ اس کے ہاتھ پہلے ہی پسینے سے ـــــــ چکے ہیں۔ اس نے دل ہی دل میں اپنی امی کی بتائی ہوئی دعا ـــــــ تاکہ اس کی پریشانی اور گھبراہٹ کم ہو۔ سیٹی ـــــــ ہے اور دوڑ شروع ہوجاتی ہے۔ شروع میں وہ ـــــــ سیکنڈ تک آہستہ دوڑتا ہے۔ پھر وہ اپنی رفتار تیز کر دیتا ہے۔ اس کے ساتھی کھلاڑی شروع میں تیز آرہے تھے لیکن اب ـــــــ پڑ چکے ہیں۔ شاید وہ تھک چکے ہیں۔ ارسلان سب سے پہلے اختتامی لکیر تک ـــــــ جاتا ہے۔ اپنے نام کا اعلان سنتے ہی ارسلان سجدہ شکر ادا کرتا ہے۔

**سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)**

ا۔ ارسلان ـــــــ کے لیے بالکل تیار ہے۔

گیم　　　　ریس　　　　کھیل

۲۔ سارے لڑکے ـــــــــ سے لائن پر کھڑے ہیں۔

تمیز　　　ترتیب　　　تکلیف

۳۔ دسویں جماعت کے ـــــــــــ کے لیے سب سے لمبی ریس رکھی گئی ہے۔

لڑکوں　　　سڑکوں　　　بچوں

۴۔ وہ سب بہت ـــــــــ نظر آرہے ہیں۔

پرجوش　　　خوش　　　پراعتماد

۵۔ ارسلان کو گھبراہٹ ـــــــــ ہے۔

سی　　　بھی　　　ہی

۶۔ اس نے ـــــــــــــــــ میں اپنی امی کی بتائی ہوئی دعا دہرائی۔

رات ہی رات　　　دن ہی دن　　　دل ہی دل

۷۔ سیٹی بجتی ہے اور دوڑ ـــــــــ ہوجاتی ہے۔

شروع　　　بری　　　ختم

۸۔ شاید وہ ـــــــــ چکے ہیں۔

لٹک　　　تھک　　　برس

۹۔ ارسلان سب سے پہلے ـــــــــ لکیر تک پہنچ جاتا ہے۔

پہلی　　　اختتامی　　　آخری

۱۰۔ اپنے نام کا اعلان سنتے ہی ارسلان ـــــــــ شکر ادا کرتا ہے۔

رستہ　　　سجدہ　　　وعدہ

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ کو کوئی ایسا واقعہ یاد ہے جس میں آپ نے گھبراہٹ پر قابو پایا ہو؟ تفصیل بتائیے۔

آپ گھبراہٹ یا پریشانی کے وقت کیا دعا کرتے ہیں؟

****************************************